

# فیصلہ



Ursula Nafula
Vusi Malindi
Samrina Sana
Urdu
Level 2



میرے گاؤں میں بہت سے مسائل تھے۔ ہم نے ایک نل سے پانی بھرنے کے لیے ایک لمبی قطار بنائی۔




ہم نے دوسروں کی طرف سے عطیہ کیے گئے کھانے
کا انتظار کیا۔




چوروں کی وجہ سے ہم نے اپنے گھروں کو جلدی بند کر دیا۔



بہت سے بچے سکول سے نکال دیئے گئے۔




نوجوان لڑکیوں نے دیگر گاؤں میں نوکرانی کے طور پر کام کیا۔



نوجوان لڑکے گاؤں کے ارد گرد گھومے جبکہ باقی لوگوں
نے کھیت میں کام کیا۔



جب ہوا چلی فالتو کاغذ درختوں اور جنگلوں پر لٹک گئے۔



بے احتیاطی سے پھینکے گئے ٹوٹے کانچ کی وجہ
سے لوگوں کو چیر آگئے۔



اور ایک دن نل سوکھ گیا اور ہمارے برتن خالی ہو گئے۔




میرے باپ نے گھر گھر جا کے لوگوں کو گاؤں کے
اجلاس میں شرکت کرنے کے لیۓ کہا۔



لوگ بڑے درخت کے نیچے جمع ہوئے اور اُنہوں نے

سُنا۔



میرے والد کھڑے ہو گئے اور کہا، 'ہمیں اپنی مشکلات کو حل کرنے کے لئے مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔'



ایک درخت پر بیٹھے آٹھ سالہ جمعہ نے کہا، ‘میں صفائی میں مدد کر سکتا ہوں۔’



ایک عورت نے کہا، ‘خواتین کھا نے میں اضافہ کر نے

میں شمولیت اختیار کر سکتی ہیں۔’



ایک اور آدمی کھڑا ہوا اور کہا ٗمرد کنواں کھودیں گےٗ۔



ہم سب نے ایک آواز سے کہا، 'ہمیں اپنی زندگی کو تبدیل کرنا ہوگا۔' اس دن سے ہم نے اپنے مسائل کو حل کرنے کے لیے ساتھ مل کر کام کیا۔

# 香港故事書

global-asp.github.io/storybooks-hongkong

## فیصلہ

Written by: Ursula Nafula
Illustrated by: Vusi Malindi
Translated by: Samrina Sana

This story originates from the African Storybook (africanstorybook.org) and is brought to you by 香港故事書 in an effort to provide children's stories in 香港's many languages.

This work is licensed under a Creative Commons
Attribution 4.0 International License.